**موجودہ سنگین سیاسی، معاشی اور اقتصادی بحران سے نمٹنے کے سلسلے میں قومی اتفاق رائے قائم کرنے کیلئے فوری طور پرآل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے۔الطاف حسین**

**صنعتوں اوراسٹاک مارکیٹوں کے بحران سے نمٹنے کیلئے ملک بھر کی چیمبر آف کامرس اور چھوٹے سرمایہ کاروں کے نمائندوں کے اجلاس بلائے جائیں، چھوٹے سرمایہ کار سڑکوں پرآنے پر مجبور ہوگئے ہیں**

**اس پریشان کن صورتحال میں حکومت کی جانب سے جوٹھوس اقدامات کئے جانے چاہیے تھے وہ نظر نہیں آرہے ہیں**

**نازک صورتحال اتحادویکجہتی کا تقاضہ کررہی ہے۔لندن میں اجلاس سے خطاب**

لندن۔۔۔۔19 جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حکومت سے کہا ہے کہ ملک کو درپیش نازک صورتحال قومی اتحادویکجہتی کا تقاضہ کررہی ہے لہٰذا ملک میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن، ملک کے موجودہ سنگین سیاسی، معاشی اوراقتصادی بحران سے نمٹنے کے سلسلے میں قومی اتفاق رائے قائم کرنے کیلئے فوری طور پرآل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے جس میں تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو مدعو کیا جائے۔اس کے علاوہ اسٹاک مارکیٹوں کے بحران سے نمٹنے کیلئے ملک بھر کی چیمبرآف کامرس اور چھوٹے سرمایہ کاروں کے نمائندوں کے اجلاس بھی بلائے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، محمد انور، وسیم آفتاب، مصطفےٰ عزیزآبادی، آصف صدیقی، قاسم علی رضا اوررکن سندھ اسمبلی نثار پنہورشریک تھے۔اجلاس سے اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کے حالات انتہائی نازک ہیں، معاشی صورتحال یہ ہے کہ اسٹاک ایکسچینج تباہ ہورہے ہیں، نہ صرف بڑے صنعتکاراورسرمایہ کارپریشان ہیں بلکہ چھوٹے سرمایہ کار بہت زیادہ اذیتوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہیں اور وہ سڑکوں پرآنے پر مجبور ہوگئے ہیں، دوسری طرف قبائلی علاقوں کی صورتحال دن بدن خراب سے خراب تر ہوتی جارہی ہے، اے این پی کی صوبہ سرحد کی حکومت کوتحریک طالبان اور دیگر جہادی تنظیموں کی جانب سے الٹی میٹم دیا گیا ہے کہ اگرانہوں نے پانچ روز میں استعفیٰ نہ دیا تو انکے خلاف کارروائیاں کی جائیں گی اورتمام تر حالات کی ذمہ دارحکومت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ معاشی بحران ہو یا قبائلی علاقوں میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی، اس صورتحال کی وجہ سے ملک کا ہرشخص پریشان ہے لیکن اس پریشان کن صورتحال میں حکومت کی جانب سے جوٹھوس اقدامات کئے جانے چاہیے تھے وہ نظرنہیں آرہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے کہا کہ ملک کودرپیش نازک صورتحال قومی اتحادویکجہتی کا تقاضہ کررہی ہے لہٰذا ملک میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن، سنگین سیاسی، معاشی و اقتصادی بحران، صنعتوں کی بندش، مہنگائی، بے روزگاری، لوڈشیڈنگ، توانائی کے بحران اوران جیسے دیگرتمام اہم مسائل سے نمٹنے کیلئے متفقہ لائحہ عمل بنانے کے سلسلے میں فوری طور پرآل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے جس میں حلیف جماعتوں کے ساتھ ساتھ اپوزیشن کی بھی تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو مدعو کیا جائے اورسب کے صلاح مشورے اورآراء کی روشنی میں متفقہ لائحہ عمل بنایا جائے۔انہوں نے حکومت کو مزید مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ صنعتوں کو درپیش مسائل اوراسٹاک مارکیٹوں میں پیدا ہونے والے بحران سے نمٹنے کیلئے ملک بھر کی چیمبرآف کامرس اورچھوٹے سرمایہ کاروں کے نمائندوں کے اجلاس بلاکر انکی گزارشات بھی سنی جائیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان بڑی قربانیوں کے نتیجے میں وجود میں آیا ہے جو پہلے ہی دولخت ہوچکا ہے اور باقیماندہ ملک انتہائی نازک صورتحال سے دوچار ہے لہٰذا باقیماندہ ملک کی سلامتی وبقاء کیلئے تمام ہی سیاسی ومذہبی جماعتوں، تاجروصنعتکار تنظیموں، سماجی انجمنوں اورتمام شعبہ ہائے زندگی اورطبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کواس نازک وقت میں اتحادویکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اس سلسلے میں پہلے ہی حکومت اورتمام دفاعی اداروں کو غیرمشروط تعاون کی پیشکش کرچکی ہے۔انہوں نے عوام سے بھی کہا کہ وہ مایوس نہ ہوں اوراپنی صفوں میں اتحاد برقراررکھیں۔

## حق پرست عوام مولانا عبدالرحمان سلفی اور اکرام علی بیگ کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔19، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جماعت غرباء اہلحدیث پاکستان کے امیر مولانا عبدالرحمان سلفی اور متحدہ لائرز فورم کے انچارج راشد اکرام کے والد اکرام علی بیگ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ مولانا عبدالرحمان سلفی اور اکرام علی بیگ کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیو ایم عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے، ڈاکٹر فاروق ستار
## سندھ میں مذہبی انتہاء پسندی کیلئے کوئی گنجائش نہیں ہے
## لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس کے شرکاء سے خطاب

کراچی۔۔۔19، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم ملک بھر کے غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے لہٰذا ایم کیو ایم کے کارکنان پر لازم ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام کے فروغ کیلئے بھرپور جدوجہد کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیو ایم کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ایم کیو ایم لیاقت آباد، فیڈرل بی ایریا، نارتھ کراچی، ناظم آباد گلبہار، نیو کراچی، نارتھ کراچی، سرجانی ٹاؤن، سوسائٹی، لائینز ایریا، اسکیم 33، گلشن اقبال اور گلستان جوہر سیکٹر کے کارکنان کی بڑی تعداد کے علاوہ حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب ناظمین اور کونسلرز نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ سندھ کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کی جارہی ہے تاہم سندھ صوفیوں کی دھرتی ہے جنہوں نے ہمیشہ مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا درس دیا ہے اور سندھ میں مذہبی انتہاء پسندی کیلئے کوئی گنجائش نہیں ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کارکنان پر بھی زور دیا کہ وہ ملک کے نازک حالات میں اپنے درمیان اتحاد اور اتفاق کو مزید مضبوط بنائیں اور سندھ میں طالبانائزیشن کی سازش سے نمٹنے کیلئے عوام کے ساتھ ملکر امن کمیٹیاں تشکیل دیں اور اپنے اپنے علاقوں میں مشکوک سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں۔

## حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد اور اراکین اسمبلی نے حب ریور روڈ پر حادثے کے زخمیوں کی عیادت کی

کراچی۔۔۔19، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد اور اراکین سندھ اسمبلی نے ہفتہ کے روز سول اسپتال کا دورہ کیا اور حب ریور روڈ پر دو بسوں کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی۔تفصیلات کے مطابق حب ریور روڈ پر خوفناک تصادم کی اطلاع ملتے ہی ایم کیو ایم کے ذمہ داران جائے حادثہ پہنچ گئے اور انہوں نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔دریں اثناء حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد، اراکین اسمبلی مقیم عالم، شعیب ابراہیم، محمد طاہر قریشی اور صدر ٹاؤن کے ٹاؤن ناظم محمد دلاور سول اسپتال جاکر ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ڈاکٹر صغیر احمد نے اسپتال کی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ زخمیوں کے علاج ومعالجہ میں کوئی کسر باقی نہ رکھی جائے۔انہوں نے زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔حق پرست نمائندوں نے ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے شہید کارکن محمد عظیم کوکورنگی نمبر 6 کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا
## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، حق پرست صوبائی وزیر، اراکین اسمبلی اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی

کراچی۔۔۔19، جولائی 2008ء

گزشتہ روز مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کے کارکن محمد عظیم کو ہفتہ کے روز سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان کورنگی نمبر 6 کے مولا مدد قبرستان سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ لانڈھی کی مقامی مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عاصم، حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل، حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین، حق پرست رکن سندھ اسمبلی خالد افتخار، لانڈھی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم ڈاکٹر محمد ارشاد، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## دہشت گرد کراچی کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں، اراکین قومی اسمبلی
## عظیم شہید کے قاتلوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزادی جائے

کراچی۔۔۔19، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے لانڈھی میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کے کارکن محمد عظیم کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش ہےاور جوعناصراس گھناؤنے عمل میں ملوث ہیں وہ کراچی اوراس کے شہریوں کے کھلے دشمن ہیں۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ محمد عظیم شہید کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور سفاک قاتلوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے۔انہوں نے عظیم شہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگوارلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## شبیرابن عادل کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان ٹیلی ویژن کراچی سینٹر کے پروڈیوسر شبیرابن عادل کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆